# سویڈن

## قواعد برائے ویزا

جون 2019ء

The project is funded by the European Union

Implemented by

ICMPD International Centre for Migration Policy Development

Under the Auspices of

## اسلام آباد میں ملائشیا کا سفارت خانہ

اسلام آباد، پاکستان میں سویڈش سفارت خانہ مقامی، سویڈش اور بین الاقوامی شہریوں کے لیے قونصلر سروسز فراہم کرتا ہے۔
اسلام آباد میں سویڈش سفارت خانہ اپنی قونصلر سروسز کے ذریعے پاکستانی شہریوں کی مدد کرتا ہے، جب اُنھیں:

- سویڈش معیشت، ثقافت، سپورٹس، تعلیم وغیرہ کے متعلق عمومی یا مخصوص معلومات درکار ہوں۔
- سویڈش شہریت حاصل کرنے کے تقاضے اور عمل کے متعلق معلومات درکار ہوں۔
- سویڈن میں خصوصی روابط اور معلومات کی ضرورت ہو۔
- سویڈش ویزا کی درخواست دینا اور حاصل کرنا چاہتے ہوں۔

## ویزا اور پاسپورٹ سروسز

- سویڈش پاسپورٹ اور ویزا صرف اُن شہریوں کو جاری کیے جاتے ہیں جن کی مرکزی رہائش سویڈن اور پاکستان میں ہے۔
- سویڈن کا پاسپورٹ اور سویڈش ویزا جاری کرنے کے عمل میں چند ہفتے لگ سکتے ہیں۔
- اگر ویزا اور پاسپورٹ کے متعلق کوئی سوالات ہیں تو براہِ مہربانی اسلام آباد میں سویڈش سفارت خانے سے رابطہ کریں۔

## پاکستان میں سویڈن کی نمائندگی

اسلام آباد میں سویڈش سفارت خانے کے علاوہ پاکستان میں دو دیگر نمائندہ دفاتر بھی ہیں:

- کراچی میں سویڈش قونصلیٹ۔
- لاہور میں سویڈش قونصلیٹ۔

**پتہ:** مکان نمبر 4، سٹریٹ نمبر 5، F-6/3، اسلام آباد، پاکستان۔

شہر: اسلام آباد۔

**ای میل:** ambassaden.islamabad@foreign.ministry.se

**فیکس:** +92 (0) 51 282 52 84

**ٹیلی فون:** +92 (0) 51 282 87 12-3

**ویب سائیٹ:** http://www.swedenabroad.com/islamabad

## سویڈن کا وزٹ کرنا

اگر آپ سویڈن کا وزٹ کر رہے ہیں اور کسی غیر یورپی یونین ملک کے شہری ہیں تو آپ کو ویزے کی ضرورت ہو گی۔

ویزا ایک پرمٹ ہے جو کسی ملک میں جانے اور زیادہ سے زیادہ 90 دن قیام کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ اگر آپ سویڈن میں 90 دن سے زائد عرصے تک رہنا چاہتے ہیں تو آپ کو وزیٹرز ریذیڈنس پرمٹ (رہائشی پرمٹ) کی ضرورت ہو گی۔

ویزوں کے حوالے سے شینگن (Schengen) تعاون کے ضابطہ کار کے اندر رہتے ہوئے متعدد مقامات پر سویڈن کی نمائندگی دیگر ممالک کرتے ہیں۔ اسی طرح سویڈن بھی کئی جگہوں پر شینگن ریاستوں کی نمائندگی کرتا ہے۔

## سیاحتی (ٹورِسٹ) ویزے

اگر آپ ایک سیاح کے طور پر سویڈن جا رہے ہیں اور کسی غیر یورپی یونین ملک کے شہری ہیں تو آپ کو ویزے کی ضرورت ہو گی۔ ویزا ایک پرمٹ ہے جو کسی ملک میں جانے اور مخصوص مدت تک وہاں قیام کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ ویزا لینے کی خاطر آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ آپ کے پاس جانے اور واپس آنے کے لیے کافی رقم موجود ہے۔ آپ کو ہیلتھ انشورنس کی ضرورت بھی ہو گی جو سویڈن کے وزٹ کے دوران بیمار پڑ جانے کی صورت میں تمام اخراجات کور کرے۔

## ویزا حاصل کرنے کے لیے ضروری چیزیں

اگر آپ سویڈن اور دیگر شینگن ممالک کا وزٹ کرنا چاہتے ہیں تو ضروری ہے کہ:

- آپ کے پاس ایک پاسپورٹ موجود ہو جو ویزا کی مدت ختم ہونے کے بعد کم از کم تین ماہ تک کارآمد رہے اور جو گزشتہ دس سال کے عرصے میں جاری کیا گیا ہو۔
- اپنے اخراجات اُٹھانے اور وطن واپس آنے کے لیے رقم۔ سویڈن تقاضا کرتا ہے کہ آپ کے پاس سویڈن میں ہر دن کے لیے SEK 450 ہوں۔ مخصوص حالات میں یہ رقم کم ہو سکتی ہے، مثلاً چھوٹے بچے کے معاملے میں، یا جب کھانے اور رہائش کے اخراجات پیشگی ادا کر دیے گئے ہوں یا جب آپ رشتے داروں یا دوستوں کے پاس رہنے جا رہے ہوں۔ آپ کو یہ ثابت کرنے کے قابل ہونا چاہیے کہ آپ کے پاس اپنا گزارا کرنے کے لیے خاطر خواہ فنڈز موجود ہیں، مثلاً بینک سٹیٹمنٹس یا کوئی دستاویز جس میں سویڈن کا رہائشی شخص وزٹ کے دوران آپ کے تمام اخراجات ادا کرنے کا وعدہ کرے۔
- انفرادی میڈیکل سفری انشورنس جو کسی ایمرجنسی میڈیکل مدد، ہسپتال میں داخلے یا میڈیکل بنیادوں پر وطن واپس لانے کے نتیجے میں پیدا ہو سکنے والے اخراجات کا احاطہ کرے۔ ضروری ہے کہ انشورنس کم از کم 30000 یورو کے اخراجات کا احاطہ کرے اور تمام شینگن ممالک میں کارآمد ہو۔

## سویڈش سفارت خانوں اور قونصلیٹس کے تقاضے

کچھ تقاضے مختلف ممالک میں مختلف ہیں۔ چنانچہ ضروری ہے کہ آپ اپنے کیس کے مطابق موزوں تقاضے چیک کر لیں۔ تقاضے تازہ حالات کی بنیاد پر بدل سکتے ہیں۔ آپ کو متعلقہ سفارت خانے کی ویب سائیٹ پر مزید معلومات ملیں گی۔ پیج کے نچلے حصے میں لنک پر کلک کر کے موزوں سفارت خانے سے رجوع کریں۔

## مخصوص ممالک کے لیے خصوصی معاہدہ

البانیہ، آرمینیا، آذربائیجان، بوسنیا ہرزیگووینا، جارجیا، مقدونیہ، مولڈووا، مونٹ نیگرو، روس، سربیا اور یوکراین کے شہریوں پر خصوصی قواعد کا اطلاق ہوتا ہے کیونکہ ان ممالک اور یورپی یونین کے درمیان ویزا میں سہولت کا معاہدہ(Visa Facilitation Agreement) طے پایا ہے۔ اس معاہدے کے متعلق مزید معلومات ان ممالک میں یورپی یونین کی رکن ریاستوں کے سفارت خانوں اور قونصلیٹس سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## ویزا کے لیے درخواست دینا

آپ کو ایک سویڈش سفارت خانے یا قونصلیٹ جنرل میں ویزا کی درخواست دینا ہو گی۔ مخصوص ممالک میں سویڈن کی نمائندگی کوئی اور شینگن ملک کرتا ہے۔ کچھ ایسے ممالک بھی ہیں جہاں سویڈن کا اپنا سفارت خانہ یا قونصلیٹ جنرل نہیں ہے اور وہاں کوئی اور ملک اُس کی نمائندگی نہیں کرتا۔ ایسی صورت میں اگر کوئی شخص ویزا کی درخواست دینا چاہتا ہو تو اُسے قریب ترین ملک میں جانا ہو گا جہاں سویڈش سفارت خانہ یا قونصلیٹ جنرل موجود ہے۔

اگر آپ کسی اور شینگن ملک کے مشن میں اپنی ویزا درخواست دینا چاہتے ہیں تو مشن سے پیشگی رابطہ کرنا ہو گا۔ ایسی صورتوں میں اِس ملک کے دستاویزی تقاضے ہی لاگو ہوں گے۔

دستاویزات کا اُسی ملک کی زبان میں ترجمہ بھی کروانا ہو گا۔

ایسے ممالک جن کے شہریوں کو ویزا کی ضرورت ہے۔

وہ ممالک جہاں سویڈن کی نمائندگی کوئی اور شینگن ریاست کرتی ہے۔

سویڈش سفارت خانے اور قونصلیٹ جنرل۔

ویزا کی درخواست دینے کے لیے آپ کو شینگن ویزا کا درخواست فارم پر کرنا ہو گا۔
اپنی درخواست کا مکمل ہونا یقینی بنائیں۔

حکام کو اپنی درخواست پر عمل کرنے کے قابل بنانے کی خاطر آپ کو مندرجہ ذیل باتیں واضح انداز میں بتانا ہوں گی:

- آپ سویڈن کیوں جا رہے ہیں۔

- آپ سویڈن میں کتنا عرصہ ٹھہرنا چاہتے ہیں۔
- سویڈن میں ٹھہرنے کے دوران آپ اپنے اخراجات کیسے پورے کریں گے۔
- آپ کے پاس کس نوعیت کا پاسپورٹ ہے اور یہ کب تک کارآمد ہے۔
- سویڈن جانے کے بعد آپ کہاں کا سفر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔
- آپ سویڈن میں قیام کے بعد جس ملک میں جانا چاہتے ہیں کیا اُس میں داخلے کا پرمٹ آپ کے پاس ہے۔

آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ مندرجہ ذیل چیزیں منسلک کرنا ہوں گی:

- دو پاسپورٹ تصاویر جس میں آپ بالکل سامنے دیکھ رہے ہوں اور جو چھ ماہ سے زیادہ پرانی نہ ہوں۔
- دیگر دستاویزات جن کا تقاضا سفارت خانہ کرے۔

شینگن ویزا کے لیے درخواست، فارم نمبر 119031 (انگلش میں)۔

## درخواست کا جواب آنے میں کتنا عرصہ لگے گا؟

- معمول کے مطابق آپ کو جواب دو ہفتے کے اندر اندر مل جائے گا، لیکن سفارت خانوں یا قونصلیٹ جنرلز میں پروسیسنگ کا وقت کم زیادہ ہو سکتا ہے۔
- جون تا اگست کی چھٹیوں میں پروسیسنگ میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔ اگر آپ کو اس بارے میں تازہ ترین معلومات چاہئیں تو اُس سویڈش سفارت خانے یا قونصلیٹ سے رابطہ کریں جہاں آپ کی درخواست پر کام ہو رہا ہے۔ اگر سویڈش سفارت خانہ یا قونصلیٹ آپ کی درخواست سویڈش مائیگریشن ایجنسی کو بھجوا دے تو زیادہ مدت لگ سکتی ہے۔ اپنا ویزا بروقت ملنا یقینی بنانے کے لیے آپ کو اپنی درخواست سویڈن کے متوقع سفر سے کم از کم دو ماہ پہلے جمع کروا دینی چاہیے۔

## ویزوں کے فیصلے

- زیادہ تر کیسز میں سفارت خانہ یا قونصلیٹ جنرل فیصلہ کرتا ہے۔ کبھی کبھی یہ دیگر شینگن ممالک سے مخصوص چیزوں کی جانچ پڑتال کرے گا۔ اگر بیرون ملک مشن کو آپ کی درخواست جانچنے کے بارے میں یقین نہ ہو تو اُسے سویڈن میں مائیگریشن ایجنسی کو بھیجا جا سکتا ہے جو فیصلہ کرے گی۔
- ویزا کی درخواست دینے والے زیادہ تر لوگ کامیاب رہتے ہیں۔ آپ کی درخواست تب مسترد ہوتی ہے جب فیصلہ کرنے والی اتھارٹی رائے دے کہ آپ اپنے وزٹ کے بعد شینگن سے نہیں جائیں گے اور آپ کے وزٹ کا مقصد درخواست میں نہیں بتایا گیا۔ آپ کا نام SIS کمپیوٹر سسٹم میں موجود ہونے کی صورت میں مسترد کر دیا جائے گا۔

(SIS – شینگن انفارمیشن سسٹم، جہاں رکن ریاستیں ایسے افراد کو رجسٹر کرتی ہیں جنھیں شینگن زون میں داخل ہونے کی اجازت نہیں)۔

## اینٹری ویزا کی میعاد

شینگن ممالک میں ویزا180 دن کی مدت میں 90 دن تک کارآمد رہتا ہے۔ اگر آپ 90 دن کے لیے شینگن علاقے میں گئے ہیں تو نیا شینگن ویزا لینے کے لیے آپ کو 90 دن کے لیے علاقے سے جانا ہو گا۔

شینگن ممالک میں آپ کو جتنے دن قیام کی اجازت ہے وہ پاسپورٹ پر لگے ویزا اسٹیکر میں بتا دی جاتی ہے۔ سٹیکر میں بتائی گئی مدت کے دوران دنوں کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اکثر یہ مدت اُن دنوں کی تعداد سے زیادہ ہوتی ہے جن میں آپ شینگن ممالک میں جا سکتے ہیں۔ ایسا اس لیے ہے کہ آپ کسی اچانک واقعے کی صورت میں اپنے سفر کی تاریخ بدل لیں۔

ویزا ایک یا زائد اینٹری یا ایگزٹ کے لیے کارآمد ہو سکتا ہے۔

آپ کا ویزا اسٹیکر بتاتا ہے کہ آپ میعاد کے اندر اندر کتنی مرتبہ شینگن ممالک میں آ جا سکتے ہیں۔

اگر آپ تواتر سے سویڈن آتے ہیں تو متعدد اینٹریز کے لیے شینگن ویزا کی درخواست دے سکتے ہیں۔ متعدد اینٹریز والا ویزا زیادہ سے زیادہ پانچ سال کے لیے180 دن میں 90 دن تک کے وزٹس کے لیے کارآمد ہو سکتا ہے۔

شاید آپ کا ویزا مخصوص ممالک کے لیے ہی کارآمد ہو۔

اگر آپ کو ویزا مل جائے تو آپ شینگن کے دیگر ممالک میں بھی جا سکتے ہیں۔

مخصوص غیر معمولی کیسز میں آپ کا ویزا سویڈن یا مخصوص شینگن ممالک میں ہی اینٹری اور قیام کے لیے کارآمد ہو گا، مثلاً اگر آپ SIS (شینگن انفارمیشن سسٹم) میں رجسٹرڈ ہیں یا آپ کا پاسپورٹ تمام شینگن ممالک میں قابلِ قبول نہیں۔

اپنے ویزے کی مدت کا حساب لگائیں۔

آپ یورپی یونین شینگن کیلکولیٹر کی مدد سے حساب لگا سکتے ہیں کہ شینگن علاقے میں دوبارہ کب داخل ہو سکتے اور کتنے دن تک ٹھہر سکتے ہیں۔

[یورپی یونین شینگن کیلکولیٹر کی مدد سے حساب لگائیں۔]

## زیادہ طویل قیام

اگر آپ سویڈن میں 90 دن سے زیادہ عرصے تک قیام کرنے کا سوچ رہے ہیں تو وزیٹر ز رہائشی پرمٹ کے لیے اپلائی کرنا ہو گا، یا (اگر خصوصی وجوہات موجود ہیں) زیادہ لمبے عرصے کے لیے ایک ویزا (D ویزا) اپلائی کرنا ہو گا۔

وزیٹر ز کے رہائشی پرمٹ کے متعلق مزید معلومات کے لیے۔

## اپیل کیسے کرنی ہے

اگر آپ فیصلے سے مطمئن نہیں ہیں تو فیصلہ ملنے کی تاریخ کے بعد تین ہفتے کے اندر اندر ایک تحریری اپیل جمع کرواسکتے ہیں۔ اپنی اپیل میں لکھیں کہ آپ کس فیصلے سے مطمئن نہیں اور اِسے کیوں اور کیسے تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس کچھ دستاویزات ہیں جو پہلے جمع نہیں کروائے تھے تو اپنے کیس میں اُنھیں ساتھ لگا سکتے ہیں۔ آپ کی اپیل اُسی سویڈش سفارت خانے یا قونصلیٹ میں جمع ہونی نہیں جس نے فیصلہ کیا تھا۔ سویڈش سفارت خانہ یا قونصلیٹ جنرل تصدیق کرے گا کہ اپیل بروقت آئی ہے اور کیس کا دوبارہ سے جائزہ لے گا۔ اگر 3 ہفتے سے زیادہ وقت گزر چکا ہے تو اپیل مسترد ہو جائے گی؛ ایسی صورت میں آپ کو نئی درخواست دینا ہو گی۔

### اگر سویڈش سفارت خانہ یا قونصلیٹ جنرل فیصلہ بدل دے۔

نئی معلومات ملنے پر فیصلہ تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ ایسی صورت میں آپ کو اطلاع کی جائے گی اور آپ کے پاسپورٹ میں اینٹری ویزا لگا دیا جائے گا۔

اگر سویڈش سفارت خانہ یا قونصلیٹ جنرل فیصلہ تبدیل نہیں کرتا تو اِسے آگے بھجوا دیا جائے گا۔

اگر اپیل بروقت ہوئی ہے اور فیصلہ کرنے والی اتھارٹی کو فیصلہ کرنے کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی تو کیس جلد از جلد آگے بھجوا دیا جائے گا۔ آپ کی درخواست، فیصلہ اور کیس میں جمع کروائے گئے تمام دیگر دستاویزات مائیگریشن کورٹ Goteborg میں بھیجے جائیں گے۔ تب مائیگریشن کورٹ فیصلہ کرے گی۔

## سویڈن میں سٹڈی کرنا

سویڈن میں سٹڈی کرنے کی خاطر آپ کے پاس ایک رہائشی پرمٹ ہونا لازمی ہے۔ بطور ڈاکٹریٹ طالب علم سٹڈی یا کام کے لیے پرمٹ اپلائی کرنے کا طریقہ جاننے کے لیے مزید پڑھیں۔

## یونیورسٹیوں یا یونیورسٹی کے کالجوں میں سٹڈی

اگر آپ نے تین ماہ سے زیادہ عرصے تک سویڈن میں کسی یونیورسٹی یا یونیورسٹی کالج میں سٹڈی کرنی ہے تو آپ کے پاس رہائشی پرمٹ ہونا ضروری ہے۔ سویڈن کا سفر اختیار کرنے سے پہلے پرمٹ موجود ہونا چاہیے۔

## یونیورسٹیوں یا یونیورسٹی کے کالجوں میں سٹڈیز کے لیے رہائشی پرمٹ کیسے اپلائی کرنا ہے

سویڈن میں داخل ہونے سے پہلے رہائشی پرمٹ اپلائی اور حاصل کرنا لازمی ہے۔

اگر آپ اپنا خرچ خود اُٹھا رہے ہیں تو رہائشی پرمٹ اپلائی کرنے کی تاریخ سے تین ماہ سے زائد عرصے پہلے اپنی درخواست جمع کروانا ہو گی۔

اِس کی وجہ یہ ہے کہ آپ ثابت کرنے کے قابل ہوں گے کہ سٹڈی کا دورانیہ شروع ہونے سے کے قریب اپنی کفالت کر سکتے ہیں.........۔[1]

اُس صورت میں اِس کا اطلاق نہیں ہوتا جب آپ اپنی کفالت کے لیے ایک سکالرشپ حاصل کریں۔

آپ رہائشی پرمٹ کے لیے آن لائن اپلائی کر سکتے ہیں۔

زیادہ تر صورتوں میں آپ کو فیس ادا کرنا ہو گی۔

## 1- آپ کو قبولیت کا لیٹر موصول ہو گیا ہے

ایک رہائشی پرمٹ کا اہل بننے کے لیے آپ کو ایک کورس یا پروگرام میں فل ٹائم سٹڈیز میں داخلہ لینا ہو گا جو آپ کی یونیورسٹی یا یونیورسٹی کالج میں موجودگی کا تقاضا کرتا ہو۔

## 2- ٹیوشن فیس ادا کریں

اگر آپ کو ٹیوشن فیس ادا کرنا ہے تو درخواست جمع کروانے سے پہلے اِس کا ایک حصہ جمع کروانا ہو گا۔

ٹیوشن فیس کے متعلق مزید معلومات کے لیے۔

[1] This is because you will be able to show that you can support yourself close to the beginning of the study time and that your actions will not get too old

## 3-درخواست پُر کریں

آپ آن لائن اپلائی کر سکتے ہیں۔ درخواست میں آپ اپنے اور اپنی سٹڈیز کے متعلق معلومات پُر کرتے ہیں۔ آپ کو متعدد دستاویزات منسلک کرنا ہوں گے۔ اگر آپ کے اہل خانہ بھی ساتھ سویڈن جا رہے ہیں تو اپنی آن لائن درخواست میں اُن کے پرمٹ بھی اپلائی کر سکتے ہیں۔

پہلی مرتبہ اپلائی کرتے وقت مندرجہ ذیل ستاویزات منسلک کریں:

- اپنے پاسپورٹ میں اُن صفحات کی کاپیاں جو آپ کی ذاتی تفصیلات، کارآمد رہنے کی مدت اور یہ دکھاتے ہوں کہ آپ کو اپنے اصل وطن کے علاوہ کونسے ملکوں میں رہنے کی اجازت مل چکی ہے۔
- سویڈن کے کسی تعلیمی ادارے میں داخلے کا نوٹس جو ظاہر کرے کہ آپ کو کورس یا پروگرام میں فل ٹائم سٹڈیز میں قطعی طور پر داخلہ مل چکا ہے جس کے لیے سویڈن میں موجودگی ضروری ہے۔ فل ٹائم سٹڈی کا مطلب فی ٹرم 30 ہائر ایجوکیشن پوائنٹس ہیں۔
- داخلے کے وقت معلومات کی روشنی میں ڈاکٹرل طالب علم کے طور پر داخلے کا فیصلہ (اگر آپ ڈاکٹریٹ کے طالب علم ہیں)۔
- دستاویزی ثبوت کہ آپ سویڈن میں جامع ہیلتھ انشورنس رکھتے ہیں (اگر سٹڈیز میں داخلہ ایک سال سے کم مدت کے لیے ملا ہے)۔ اگر انشورنس یونیورسٹی یا کالج کے ذریعے سے ہوئی ہے تو آپ کو یہ تصدیق بھیجنا ہو گی۔ اگر آپ کے داخلے کا نوٹس نشان دہی کرے کہ یونیورسٹی یا کالج آپ کی ہیلتھ انشورنس کور کرے گا اور آپ ہمارے ویب اپیلی کیشن کے ذریعے سے اپلائی کریں تو اِس کی بجائے اپنا ایڈمیشن لیٹر ہیلتھ انشورنس کے ثبوت کے طور پر منسلک کر سکتے ہیں۔
- بینک سٹیٹمنٹ جو ثابت کرے کہ آپ کے پاس اپنی کفالت کے وسائل موجود ہیں۔ یہ بینک سٹیٹمنٹ (جو آپ اپنی درخواست سے منسلک کریں گے) درخواست دینے کی تاریخ سے منسلک اور انگلش میں ترجمہ ہوئی ہونی چاہیے۔ یا
- دستاویزات آپ کے نام پر جاری ہوئے ہوں اور ثابت کریں کہ آپ نے ایک سکالرشپ یا اِس جیسا کچھ (مثلاً سٹوڈنٹ ایڈ) وصول کی ہے، بشمول ماہانہ رقم کے متعلق معلومات اور وہ مدت جس میں آپ کو یہ فنڈز وصول ہوں گے۔ یا
- یہ ثابت کرنے کے دستاویزات کہ آپ کو ایک تعلیمی گرانٹ دی گئی ہے (اِس کا اطلاق صرف ڈاکٹرل طلبا پر ہوتا ہے) یا آپ کو بطور ڈاکٹرل سٹوڈنٹ رکھا گیا ہے، بشمول ماہانہ رقم کے متعلق معلومات اور وہ مدت جس میں آپ کو یہ فنڈز وصول ہوں گے۔
- اگر آپ کو رقم اپنے ملک سے باہر لیجانے کے لیے سنٹرل بینک یا اس جیسے کسی ادارے سے اجازت کی ضرورت ہے تو اِس قسم کا پرمٹ بھی منسلک کرنا ہو گا۔
- تسلی کر لیں کہ دستاویزات میں موجود معلومات واضح طور پر پڑھی جا سکتی ہو۔ چیک کریں کہ پاسپورٹ کے صفحات کے بالائی اور زیریں حصے میں اعداد اور حروف واضح اور پڑھے جانے کے قابل ہیں۔

آن لائن درخواست کے تقاضوں کے متعلق مزید جاننے کے لیے۔

## 4-درخواست کی فیس ادا کریں

زیادہ تر صورت میں آپ کو ایک فیس ادا کرنا ہو گی۔ آن لائن اپلائی کرتے وقت آپ کریڈٹ یا ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے اپنی درخواست کی فیس ادا کرتے ہیں۔

آپ ویزا یا ماسٹر کارڈ کی مدد سے ادائیگی کر سکتے ہیں۔ جب فیس ادا ہو جائے تو اپنی درخواست جمع کروائیں۔ یہ کارڈ انٹرنیٹ پر ادائیگی کرنے کے قابل ہونا چاہیے۔ مزید معلومات کے لیے اپنے بینک سے رابطہ کریں۔

آپ اور آپ کے ایمپلائر کو ایک تصدیقی ای میل وصول ہو گی کہ درخواست جمع ہو گئی ہے۔ اگر مزید معلومات کی ضرورت ہوئی تو مائیگریشن ایجنسی آپ سے رابطہ کرے گی۔

فیس کے متعلق مزید معلومات۔

## 5-سویڈش مائیگریشن ایجنسی درخواست پر کارروائی کرتی ہے

اگر آپ نے آن لائن اپلائی کیا ہے تو مائیگریشن ایجنسی فوراً ہی آپ کی درخواست پر کام شروع کر سکتی ہے۔

مائیگریشن ایجنسی کو آپ کی درخواست کے متعلق فیصلہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ تمام تفصیلات پُر کی جائیں اور تمام ضروری دستاویزات منسلک کیے جائیں۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر تمام ضروری معلومات ابتدا سے ہی شامل کی گئی ہیں تو پروسیسنگ کا دورانیہ بعد میں معلومات دینے کی صورت کی بہ نسبت کم ہو گا۔

یاد رکھیں کہ مائیگریشن ایجنسی کچھ صورتوں میں آپ کی درخواست کا مزید جائزہ لینے کی ضرورت محسوس کر سکتی ہے، خواہ آپ نے تمام مطلوبہ معلومات اور دستاویزات شامل کر بھی دیے ہوں۔

## 6- سفارت خانے یا قونصلیٹ جنرل میں جائیں

اگر آپ کو سویڈن جانے کے لیے اینٹری ویزا کی ضرورت ہے تو ویزا ملتے ہی جلد از جلد سویڈش سفارت خانے یا قونصلیٹ جنرل میں جائیں تاکہ آپ کی تصویر اور فنگر پرنٹس لیے جائیں۔ ایسا اس لیے ہے کہ آپ کو رہائشی پرمٹ کارڈ دیا جائے اور سویڈن جا سکیں۔ یہ کام تب بھی کرنا پڑے گا جب آپ قبل ازیں ایک رہائشی پرمٹ کارڈ حاصل کر چکے ہوں، کیونکہ معلومات محفوظ نہیں رکھی جاتی۔ سبھی سفارت خانوں یا قونصلیٹ جنرلز میں آپ کی تصویر اور فنگر پرنٹس لینے کی سہولت نہیں ہوتا۔ اپنا وزٹ کرنے سے قبل مزید معلومات کے لیے سفارت خانے یا قونصلیٹ جنرل میں جائیں۔

اگر آپ کو سویڈن جانے کے لیے اینٹری ویزا کی ضرورت نہیں ہے تو آپ رہائشی پرمٹ کارڈ کے بغیر بھی سویڈن جاسکتے ہیں، لیکن سویڈن میں داخل ہونے کے لیے مائیگریشن ایجنسی کی جانب سے فیصلہ دکھانا پڑے گا۔ ایسی صورت میں آپ کو اپنا رہائشی پرمٹ کارڈ حاصل کرنے کے لیے سفارت خانے میں جانا ہوگا۔ اِس کی بجائے آپ سویڈن پہنچ کر رہائشی پرمٹ کارڈ کے لیے دستاویزات سویڈن پہنچ کر مائیگریشن ایجنسی میں جمع کرواسکتے ہیں۔ تاہم، آپ کے سویڈن جانے سے قبل اپنا ورک پرمٹ حاصل کرنا ہوگا۔

اپنا قریب ترین سفارت خانہ Swedenabroad.com پر تلاش کریں۔

## 7- آپ کو فیصلہ موصول ہوتا ہے

طلبا اور ڈاکٹریٹ کے طلبا کے لیے رہائشی پرمٹ کی پہلی مرتبہ درخواست، فارم نمبر 113011 (انگلش میں)۔

سویڈن میں سٹڈی اور فیس کے لیے براہِ مہربانی نیچے دیا گیا لنک کلک کریں؛
https://www.migrationsverket.se/English/Private-individuals/Studying-in-Sweden/Fees.html

## سویڈن میں کام کرنا

سویڈن میں کام کرنے کی خاطر آپ کو ایک ورک پرمٹ لینا ہو گا۔ اپنا روزگار چلانے والے یا وزٹینگ ریسرچر کے طور پر ورک پرمٹ یا رہائشی پرمٹ اپلائی کرنے کے متعلق جاننے کے لیے مزید پڑھیں۔

## ورک پرمٹ کے لیے اپلائی کیسے کرنا ہے

مرکزی اصول یہ ہے کہ آپ کو سویڈن میں داخل ہونے سے پہلے ورک پرمٹ اپلائی اور حاصل کرنا ہو گا۔ آن لائن اپلائی کرتے وقت دو ٹوک ہدایات دی جاتی ہیں کہ اپنا درخواست فارم کیسے پُر کرنا ہے اور درخواست کے ساتھ کیا منسلک کرنا ہے۔ اِس طرح درست انداز میں اپلائی کرنا آسان ہو جاتا ہے اور فوری فیصلہ ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

## 1- ملازمت کی پیش کش

ایک ورک پرمٹ حاصل کرنے کے لیے آپ کو سویڈن میں ملازمت کی ایک پیشکش ہونی چاہیے۔ ضروری ہے کہ آپ کے ایمپلائر نے آپ کو ملازمت کی پیشکش کرنے سے قبل سویڈن اور EU/EEA اور سوئٹزرلینڈ میں ملازمت کا اشتہار دیا ہو۔

مزید جانیے کہ ایمپلائر کو کسی آسامی کا اشتہار کیسے دینا ہو گا۔

## 2- درخواست کے عمل کا آغاز ایمپلائر کرتا ہے

سویڈن میں آپ کا ایمپلائر ملازمت کی پیش کش مکمل کرنے کے ذریعے ورک پرمٹ کی درخواست دیتا ہے۔ ایمپلائر کو آپ کا نام، تاریخ پیدائش، شہریت، تعلیم اور ای میل ایڈریس کی معلومات درکار ہیں۔

ضروری ہے کہ درخواست کے متعلق فیصلے موصول ہو جانے تک آپ کو اپنے اُس ای میل ایڈریس تک رسائی ہو جو ایمپلائر کو دیا ہے۔ درخواست پر ساری کارروائی کے دوران سویڈش مائیگریشن ایجنسی ای میل ایڈریس کے ذریعے ہی آپ کو اطلاعات دے گی۔

## 3- آپ کو ای میل موصول ہوتی ہے

جب ایمپلائر ملازمت کی پیشکش مکمل کر لے تو آپ کو ایک ای میل میں بتایا جائے گا کہ ورک پرمٹ کے لیے اپلائی کیسے کرنا ہے۔

درخواست میں آپ اپنے متعلق معلومات دیتے ہیں۔ اگر اہل خانہ بھی ساتھ سویڈن آ رہے ہیں تو ساتھ ہی اُن کے پرمٹ بھی اپلائی کرنا ہوں گے۔ آپ کو چیک کر لینا چاہیے کہ ملازمت کی پیش کش کی شرائط کے متعلق معلومات آپ اور ایمپلائر کے درمیان طے پانے والی شرائط سے مطابقت رکھتی ہیں۔

## 4-دستاویزات منسلک کریں

مندرجہ ذیل دستاویزات سکین کر کے یا اُن کی تصویر لے کر اپنی درخواست کے ہمراہ بھیجتے ہیں:

- اپنے پاسپورٹ میں صفحات کی کاپیاں جو ذاتی معلومات، تصویر، دستخط، پاسپورٹ نمبر، پاسپورٹ جاری کرنے والا ملک، پاسپورٹ کی میعاد، شناختی صفحے پر بار کوڈ اور یہ ظاہر کریں کہ آپ کو اپنے کو اصل وطن کے علاوہ کسی ملک میں رہنے کی اجازت ہے یا نہیں۔
- اگر آپ درخواست گزار کی نمائندگی کر رہے ہیں تو اُس کی طرف سے مختار نامہ (پاور آف اٹارنی)۔

اگر آپ ورک پرمٹ کی توسیع کے لیے اپلائی کر رہے ہیں تو اپنی درخواست کے ساتھ اضافی دستاویزات منسلک کرنا ہوں گے۔

مزید جانیے کہ اپنے ورک پرمٹ کی توسیع اپلائی کرنے کا طریقہ کیا ہے۔

## 5-ذاتی معاون کے طور پر ملازمت

اگر آپ ایک ذاتی معاون کے طور پر ورک پرمٹ اپلائی کر رہے ہیں تو معاونت کے بینیفٹس کے حوالے سے سویڈش سوشل انشورنس ایجنسی (Försäkringskassan) کی جاری کردہ فیصلے کی کاپی منسلک کرنا ہو گی۔ یہ فیصلہ دکھاتا ہے کہ آپ کے ساتھ ایک شخص مل کر کام کرے گا اور یہ شخص معاونت کا بینیفٹ حاصل کرنے کا مجاز ہے۔

سویڈش مائیگریشن ایجنسی آن لائن درخواست اپ ڈیٹ کرے گی تاکہ سوشل سیکیورٹی ایجنسی کے فیصلے کی کاپی آن لائن جمع کروانا ممکن ہو۔ آن لائن درکواست اپ ڈیٹ ہو جانے تک آپ فیصلے وہیں بھیج سکتے ہیں جہاں اپنا پاسپورٹ اپ لوڈ کیا تھا۔

## 6-اپنی نمائندگی کے لیے مختار نامہ (پاور آف اٹارنی)

اگر آپ مائیگریشن ایجنسی کے ساتھ اپنے کیس میں کسی کو نمائندہ بنانا چاہتے ہیں تو اُسے مختار نامہ دے سکتے ہیں۔ مختار نامہ (مثلاً) کسی اور کو آپ کی طرف سے درخواست دینے، کسی فیصلے کی وجوہات جاننے یا فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کا حق دیتا ہے۔ مختار نامہ آپ کی طرف سے لکھا ہوا اور دستخط شدہ ہونا چاہیے جس کے ذریعے آپ کسی اور شخص کو مختار نامہ دیں۔ اگر مائیگریشن ایجنسی تقاضا کرے تو یہ اصل مختار نامہ پیش کرنا ہو گا۔ اگر آپ کی عمر 18 سال سے زائد ہے اور چاہتے ہیں کہ آپ کے خاندان کا کوئی فرد نمائندگی کرے تو تب بھی آپ کو مختار نامہ (پاور آف اٹارنی) جمع کروانا ہو گا۔

کسی اور شخص کے نام مختار نامہ دینے کے لیے آپ Power of Attorney فارم استعمال کر سکتے ہیں۔ فارم کا اطلاق آپ پر تب ہوتا ہے جب آپ کام، سٹڈی، روابط یا وزٹ کی بنیاد پر رہائشی پرمٹ اپلائی کریں۔

پاور آف اٹارنی، فارم نمبر 107011۔

اگر اہل خانہ (فیملی) بھی آپ کے ہمراہ ہوں گے اور آپ ساتھ ہی اُن کی طرف سے بھی اپلائی کر رہے ہیں تو آپ کو مندرجہ ذیل جمع کروانا ہوں گے:

- اُن کے پاسپورٹ میں اُن صفحات کی کاپیاں جو ذاتی معلومات، تصویر، دستخط، پاسپورٹ نمبر، پاسپورٹ جاری کرنے والا ملک، پاسپورٹ کی میعاد، شناختی صفحے پر بار کوڈ اور یہ ظاہر کریں کہ آپ کو اپنے کو اصل وطن کے علاوہ کسی ملک میں رہنے کی اجازت ہے یا نہیں۔
- نکاح نامے یا مساوی دستاویز کی کاپیاں (اِس کا اطلاق شادی شدہ جوڑوں یا رجسٹرڈ پارٹنرز پر ہوتا ہے)۔
- دستاویزی ثبوت کی آپ اپنے اصل وطن میں اکٹھے رہتے رہے ہیں (ساتھ رہنے والے پارٹنرز پر لاگو ہوتا ہے)۔
- بچوں کے لیے پیدائشی سرٹیفکیٹس۔
- دوسرے تحویل دار (custodial) والد/والدہ سے اجازت نامہ، اگر وہ ساتھ سویڈن نہیں آرہے، جس میں کہا گیا ہو کہ بچے کو سویڈن جانے کی اجازت ہے۔
- دستاویزی ثبوت کی 21 سال سے زائد عمر کے بچے مالی اعتبار سے اپنے والدین پر منحصر ہیں۔
- اگر بچے کو گود لیا گیا ہے تو متعلقہ دستاویزات۔
- اگر ساتھ درخواست دینے والے 18 سال سے زائد دیگر اہلِ خانہ کی نمائندگی آپ ہی کر رہے ہیں تو مختار نامہ۔

اوپر مذکور دستاویزات کا کسی مستند مترجم سے سویڈش یا انگلش میں ترجمہ کروایا گیا ہو۔ آپ کو چاہیے کہ اصل ڈاکومنٹ کی کاپی بھی ترجمے کی کاپی کے ساتھ جمع کروائیں۔

## 7- اجازت نامہ

اجازت نامہ بچے کی تحویل رکھنے والے والد/والدہ (لیکن جو بچے کے ہمراہ سویڈن نہیں جا رہا/رہی) کی طرف سے دستخط شدہ بیان ہے جس میں وہ اجازت دیتا/دیتی ہے کہ آپ کے بچے کو سویڈن میں قیام کی اجازت دی جائے۔ اجازت نامے میں مندرجہ ذیل نکات شامل ہونے چاہئیں:

- نام، تاریخ پیدائش، آمادگی ظاہر کرنے والے والد/والدہ کا پتا۔
- بچے کا نام اور تاریخ پیدائش جس کے بارے میں اجازت نامہ دیا گیا ہے۔
- ایک اقرار نامہ کہ بچے کو سویڈن میں رہائش کا پرمٹ دیا جائے۔
- آمادگی ظاہر کرنے والے والد/والدہ کے دستخط بمع نام (پرنٹڈ حروف میں)۔

اہل خانہ کے لیے پرمٹس کے متعلق مزید جانیے۔

## 5-ادائیگی کریں اور اپنی درخواست جمع کروائیں

زیادہ تر صورت میں آپ کو ایک فیس ادا کرنا ہو گی۔ آپ ویزا یا ماسٹر کارڈ کی مدد سے ادائیگی کر سکتے ہیں۔ جب فیس ادا ہو جائے تو اپنی درخواست جمع کروائیں۔ آپ اور آپ کے ایمپلائر کو ایک تصدیقی ای میل وصول ہو گی کہ درخواست جمع ہو گئی ہے۔ اگر مزید معلومات کی ضرورت ہوئی تو مائیگریشن ایجنسی آپ سے رابطہ کرے گی۔

ورک پرمٹ فیس کے متعلق معلومات۔

## 6-مائیگریشن ایجنسی درخواست پر کارروائی کرتی ہے

مائیگریشن ایجنسی کو آپ کی درخواست کے متعلق فیصلہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ تمام تفصیلات پُر کی جائیں اور تمام ضروری دستاویزات منسلک کیے جائیں۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر تمام ضروری معلومات ابتدا سے ہی شامل کی گئی ہیں تو پروسیسنگ کا دورانیہ بعد میں معلومات دینے کی صورت کی بہ نسبت کم ہو گا۔

یاد رکھیں کہ مائیگریشن ایجنسی کچھ صورتوں میں آپ کی درخواست کا مزید جائزہ لینے کی ضرورت محسوس کر سکتی ہے، خواہ آپ نے تمام مطلوبہ معلومات اور دستاویزات شامل کر بھی دیے ہوں۔

ورک پرمٹس کے لیے انتظار کا دورانیہ۔

## 7-رہائشی پرمٹ کارڈ کے لیے درکار معلومات

اگر آپ کو تین ماہ سے زیادہ مدت کے لیے پرمٹ دیا گیا ہے تو آپ کو ایک رہائشی پرمٹ کارڈ موصول ہو گا۔ کارڈ ثابت کرتا ہے کہ آپ کو سویڈن میں رہنے کی اجازت ہے، اور اس میں آپ کے فنگر پرنٹس اور تصویر جیسی معلومات شامل ہوں گی۔

**اگر آپ کو سویڈن جانے کے لیے اینٹری ویزا کی ضرورت ہے** تو ویزا ملتے ہی جلد از جلد سویڈش سفارت خانے یا قونصلیٹ جنرل میں جائیں تاکہ آپ کی تصویر اور فنگر پرنٹس لیے جائیں۔ یہ کام تب بھی کرنا پڑے گا جب آپ قبل ازیں ایک رہائشی پرمٹ کارڈ حاصل کر چکے ہوں، کیونکہ معلومات محفوظ نہیں رکھی جاتی۔ اگر آپ کے اہل خانہ بھی پرمٹس کے لیے اپلائی کر رہے ہیں تو اُنھیں بھی تصویر اور فنگر پرنٹس کے لیے سویڈش سفارت خانے یا قونصلیٹ جنرل میں جانا ہو گا۔ اپناوزٹ کرنے سے قبل ہمیشہ سفارت خانے یا قونصلیٹ جنرل میں جائیں۔

**اگر آپ کو سویڈن جانے کے لیے اینٹری ویزا کی ضرورت نہیں ہے** تو رہائشی پرمٹ کارڈ کے لیے معلومات سویڈن پہنچ کر مائیگریشن ایجنسی میں جمع کرواسکتے ہیں۔ تاہم، آپ کو سویڈن جانے سے قبل اپنے ورک پرمٹ کی درخواست دینا اور اُسے جاری کروانا ہو گا۔

اپنا قریب ترین سفارت خانہ Swedenabroad.com پر تلاش کریں۔

رہائشی پرمٹ کارڈز کے متعلق مزید جانیے۔

وہ ممالک جن کے شہریوں کو سویڈن جانے کے لیے اینٹری ویزا کی ضرورت ہے۔

## 8-فیصلے کی وصولی

### اگر آپ آن لائن اپلائی نہ کریں

اگر آپ آن لائن اپلائی کرنے کے قابل نہیں ہیں تو سویڈش ورک پرمٹ کے لیے درخواست پُر کریں–اِس وقت سویڈن سے باہر موجود درخواست گزاروں کے لیے فارم نمبر 149011 –اور ملک میں موجود سویڈش سفارت خانے یا قونصلیٹ جنرل میں جمع کروائیں۔ درخواست فارم ضروری دستاویزات کی نشان دہی کرتا ہے۔

اگر اپنے ملک میں اپلائی کرنے کا کوئی امکان موجود نہیں تو آپ کو چاہیے کہ قریب ترین ملک میں جائیں جہاں سویڈش سفارت خانہ یا قونصلیٹ جنرل موجود ہے۔ اپنی درخواست جمع کروانے سے پہلے سفارت خانے یا قونصلیٹ جنرل سے رابطہ کریں۔

خاندان کا جو بھی فرد آپ کے ہمراہ سویڈن جانا چاہتا ہے اُسے چاہیے کہ سویڈش سفارت خانے یا قونصلیٹ جنرل میں اپنی درخواست دے۔

سویڈش ورک پرمٹ کے لیے درخواست–اِس وقت سویڈن سے باہر رہنے والے درخواست گزاروں کے لیے–فارم نمبر 149011 (انگلش میں)۔

ملازمین، وزٹ پر آئے ہوئے محققین، ایتھلیٹس اور خود روزگار کمانے والے شخص کے اہل خانہ کے لیے پرمٹ کی درخواست، فارم نمبر 133011 (انگلش میں)۔

اپنا قریب ترین سفارت خانہ Swedenabroad.com پر تلاش کریں۔